NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

آپ کیا مطالعہ کررہے ہیں؟

نیو یارک کے عزیز مکین،

جب سے ہم نے این وائی سی ریڈز کا اعلان کیا ہے، میں نے ہمارے اسکولوں اور پانچوں بروز میں مطالعے کی ثقافت کو فروغ دینے کے بارے میں بہت سوچا ہے۔ ہم خواندگی کو کس طرح شہرپیما، سب کی مدد شامل کوشش بنا سکتے ہیں؟

اسکا جواب، میرے خیال میں یہ ہے کہ جتنے زیادہ خاندانوں اور برادری کے ممبران کو ممکن ہو شامل کیا جائے۔ اسلئے پچھلے مہینے، ہم نے NAACP میں ہمارے شراکت دار کے ساتھ *The Right to Read* کی اسکریننگ کی ہم میزبانی کی تھی، ایک متاثر کُن ڈوکومینٹری جس میں قومی خواندگی کے بحران کو نمایاں کیا گیا تھا۔ اسکے بعد، متعدد معلمین اور خواندگی قائدین، بشمول ہماری اپنی ڈپٹی چانسلر Carolyne Quintana، نے ایک سرگرم پینل بات چیت میں فلم پر خیالات کا اظہار کیا۔

ہم نے اونچی آواز میں مطالعہ کرنے کا عالمی دن منایا، جہاں میئر Adams اور میں نے، NYCPS قیادت اور شراکت دار تنظیموں سے تقریباً 40 کُتب بینوں کے ساتھ ملکر 3K سے گریڈ 5 تک 1,200 سے زیادہ طلبا کے لیے مطالعہ کیا۔ میں خاص طور پر ہارلم میں PS 123 کے طلبا اور اساتذہ کے ساتھ ملاقات سے لطف اندوز ہوا، جہاں میں نے Eva Chen کی *I Am Golden* پڑھی۔

خاندانوں کی گھر پر مطالعے کی صلاحیتوں کی مشق کرنے کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے، ہم نے PBS کے ساتھ درجنوں مختصر وڈیوز تیار کرنے کے لیے شراکت کی ہے جو NYCPS کے معلمین کی مطالعہ کی سائنس کی حکمت عملیوں کا نمونہ

پیش کرتے ہوئے دکھاتے ہیں، جیسے کہ الفاظ کی آوازوں کو کس طرح ملایا جائے۔ والدین، میں آپکی حوصلہ افزائی کرونگا کہ ان ویڈیوز کو ملاحظہ کریں—اور اگر آپ مزید کچھ کرنا چاہتے ہیں تو اپنی اسکول برادری میں مطالعے کے سفیر بننے کے لیے سائن اپ کریں۔ ہمارے پاس پہلے ہی 1,200 والدین حصہ لے رہے ہیں۔ بطور سفیر، آپ ورچوئل تربیتوں کے ذریعے مطالعے کی سائنس کی بنیادی باتیں سیکھیں گے جو مختلف زبانوں میں پیش کی جاتی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے والدین رابطہ کار اور خاندانوں سے رابطے میں رہنے والا عملہ بھی اندراج کروا سکتے ہیں۔

اور آخر کار، جلد ہی آرہا ہے: NYC Reads Hubs ان ہبس کی ضلع 5، 6، 12 اور 23 میں مقامی کاروباروں میں میزبانی کی جائے گی تاکہ خاندانوں کو کتابوں اور خواندگی کی سرگرمیوں تک اضافی رسائی فراہم کی جاسکے۔

اہل خانہ اور عملہ، میں آپ کے پاس ہمارے تمام شہر میں مطالعے کی ثقافت کو فروغ دینے کے لیے ایک سادہ لیکن طاقتور خیال چھوڑ کر جانا چاہتا ہوں۔ اگلی بار جب آپ کسی دوست، طالب علم، یا نیویارک کے مکین کو ہیلو کہیں، اپنی معمول کی تہینیت کو تبدیل کریں۔ یہ نہ پوچھیں، "آپ کیسے ہیں؟"

اسکے بجائے کہنے کی کوشش کریں، "آپ کیا مطالعہ کررہے ہیں؟"

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحہ پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے "CC" : کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS Families : اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔